# بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ساہیوال

## شارٹ ٹینڈر نوٹس بسلسلہ خریداری جوابی کاپیاں برائے مالی سال 18-2017ء

دفتر ہذا کو اچھی شہرت کی حامل سیلز ٹیکس (رجسٹرڈ) انکم ٹیکس گزار، پروفیشنل ٹیکس رجسٹرڈ فرموں سے جوابی/ عملی جوابی کاپی برائے میٹرک پارٹ ا (نہم) پارٹ سیکنڈ (دہم) اور انٹر (پارٹ فرسٹ وسیکنڈ) کی خرید کے لیے بمطابق PPRA رولز 2014 ٹینڈر مطلوب ہیں۔ جوابی کاپی میٹرک/ انٹر کی تصریحات درج ذیل ہیں۔

| میٹرک (نہم، دہم) | انٹر (پارٹ فرسٹ وسیکنڈ) |
|---|---|
| الف۔ تعداد صفحات 24 فی کاپی سائز 13.5 x 8.5 انچ (100 کاپی فی بنڈل) جوابی کاپی کی تعداد 1100000 (گیارہ لاکھ تقریباً) بمعہ ایمبا سنگ | الف۔ تعداد صفحات 32 فی کاپی سائز 13.5 x 8.5 انچ (100 کاپی فی بنڈل) جوابی کاپی کی تعداد 400000 (چار لاکھ تقریباً) بمعہ ایمبا سنگ |
| ب۔ چھپائی ٹائٹل صفحہ/ حاشیہ ڈبل لائن (Red Color) | ب۔ چھپائی ٹائٹل صفحہ/ حاشیہ ڈبل لائن (Brilliant Blue Color) |
| ج۔ کاغذ سفید 68 گرام ہائی فنشڈ/ اعلیٰ کوالٹی یا مساوی، Virgin Pulp Paper | ج۔ کاغذ سفید 68 گرام ہائی فنشڈ/ اعلیٰ کوالٹی یا مساوی، Virgin Pulp Paper |
| د۔ کاغذ کے دونوں جانب رولنگ (لکیریں) اور دونوں اطراف سیاہی ہرگز نہ پھیلے | د۔ کاغذ کے دونوں جانب رولنگ (لکیریں) اور دونوں اطراف سیاہی ہرگز نہ پھیلے |
| ر۔ کاغذ کے دونوں اطراف ایک، ایک انچ کا حاشیہ | ر۔ کاغذ کے دونوں اطراف ایک، ایک انچ کا حاشیہ |
| ز۔ عملی جوابی کاپی برائے میٹرک تعداد 80000 (اسی ہزار تقریباً) سائز 13.5 x 8.5 انچ 4 صفحات فی کاپی بمعہ ایمبا سنگ، رنگ چھپائی سرخ (250 کاپی فی بنڈل) کاغذ سفید 68 گرام ہائی فنشڈ/ اعلیٰ کوالٹی یا مساوی، Virgin Pulp Paper سیریل نمبر 500001 تا 580000 | |

سربمہر ٹینڈر بنام زیر دستخطی کو بذریعہ رجسٹرڈ ڈاک/ ارجنٹ میل سروس مورخہ 06-11-2017 کو بوقت 01:00 بجے دن تک زیر دستخطی کے دفتر میں پہنچ جانی چاہیے۔ جو اسی روز بوقت 02:00 بجے دوپہر ان کے بااختیار نمائندگان جنہیں وہ تحریری اختیار دیں گے کی موجودگی میں کھولے جائیں گے۔ دستی یا تار کے ذریعے کوئی ٹینڈر، مقررہ تاریخ اور وقت ختم ہونے کے بعد موصول ہونے والا قابل قبول نہ ہوگا۔

**شرائط:**

ا۔ ٹینڈرز/ ٹیکنیکل بڈ کے ساتھ پانچ فیصد 5% (Bid-Security) بطور کال ڈیپازٹ، مالیاتی تخمینہ (Estimated Price) کے مطابق شیڈولڈ بینک کی کسی بھی شاخ میں بنام سیکرٹری بورڈ آف انٹر میڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ساہیوال جمع کروا کر ٹینڈر کے ہمراہ منسلک کریں مطلوبہ Bid-Security (بحساب پانچ فیصد) ٹینڈرز/ کوٹیشنز کے ساتھ منسلک نہ ہونے کی صورت میں ایسے ٹینڈرز/ کوٹیشنز قابل قبول نہ ہوں گے۔

۲۔ کوٹیشنز دفتر کی جانب سے جاری کردہ ٹینڈر میں دیئے گئے پروفارمہ برائے فنانشل/ ٹیکنیکل بڈز پر ہی مہیا کیے جائیں بصورت دیگر کوٹیشن منسوخ کردی جائے گی۔

۳۔ کامیاب نرخ دہندہ/ سپلائر کمپنی 10% (Performance Guarantee) ، معاہدہ پر دستخط کرنے سے قبل جمع کروائے گا۔

۴۔ ٹینڈر دہندہ کے لیے لازم ہے کہ وہ جوابی کاپی کی سپلائی کے ریٹ بشمول تمام ٹیکسز دے اور ٹینڈر دہندہ اپنے نرخوں پر 90 دن تک پابند رہے گا۔

۵۔ ٹینڈر دہندہ لازمی طور پر امتحانی جوابی کاپیاں فراہم کرنے کا کم از کم 1 سالہ تجربہ رکھتا ہو۔ تجربہ کے ثبوت کے طور پر ورک آرڈر کی کاپیاں ٹیکنیکل پروپوزل کے ساتھ لف کرنا ہونگی۔

۶۔ اشتہار اور ٹینڈر میں دیئے گئے جوابی کاپی کے صفحات کی تعداد سے صفحات یا پیمائش کم ہونے کی صورت میں جوابی کاپی کی قیمت کے تناسب سے تعین کرکے ادائیگی کی جائے گی نیز ناکارہ جوابی کاپیوں کی قیمت بل سے منہا کرلی جائے گی۔

۷۔ فرم کو جوابی کاپیوں کی ادائیگی کاغذ کے معیار کی لیبارٹری رپورٹ آنے پر کی جائے گی۔

۸۔ فرم کے نمائندگان ٹیکنیکل بڈز کے اوپننگ کے وقت کاغذ کے نمونہ جات ہمراہ لائیں گے تاکہ نمونہ جات کی منظوری لی جاسکے بغیر منظوری کے فنانشل بڈز نہ کھولی جائے گی۔

۹۔ مذکورہ بالا سامان کا ٹینڈر فارم و تصریحات اور شرائط ٹینڈر کی کاپی مبلغ/-1000 روپے (ناقابل واپسی) بطور ٹینڈر فیس بذریعہ بینک چالان حبیب بینک لمیٹڈ (کوٹ خادم علی روڈ) ساہیوال برانچ کوڈ نمبر 0686 اکاؤنٹ نمبر 79003400-03 میں جمع کروا کر **ٹینڈر تاریخ اشاعت کے دن سے شعبہ سٹور سے حاصل کر سکتے ہیں۔**

۱۰۔ ٹیکنیکل (Technical) اور فنانشل (Financial) آفرز پنجاب پروکیورمنٹ رولز کے مطابق علیحدہ علیحدہ ایک ہی لفافہ میں جمع کروائیں تمام Assesment اور Procedure درج بالا رولز کے مطابق ہوگا۔

۱۱۔ ٹینڈر میں ریٹ کا اندراج لفظوں اور ہندسوں میں کریں۔

۱۲۔ منظور شدہ ریٹ میں کسی قسم کی تبدیلی ناقابل قبول ہوگی۔

۱۳۔ مشروط/ نامکمل ٹینڈر جو کہ PPRA رولز 2014 کے مطابق نہیں ہوں گے وہ ناقابل قبول ہوں گے۔

۱۴۔ کسی بھی تنازع کی صورت میں جناب چیئرمین بورڈ ہذا کا فیصلہ حتمی ہوگا اور اسے کسی بھی عدالت میں چیلنج نہیں کیا جاسکے گا۔

۱۵۔ ٹینڈر بورڈ کی ویب سائٹ www.bisesahiwal.edu.pk اور PPRA کی ویب سائٹ www.ppra.punjab.gov.pk پر ملاحظہ/ ڈاؤن لوڈ کیا جاسکتا ہے۔

**نوٹ:** مزید معلومات دفتری اوقات میں زیر دستخطی/ شعبہ سٹور کے ٹیلی فون نمبر 040-4505015 پر رابطہ کرکے حاصل کی جاسکتی ہیں۔

سیکرٹری